# پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## معیشت

# پاکستانیوں کی اکثریت (59%) آئندہ 6 ماہ میں اپنے گھرانے کے مالی حالات میں کسی بھی طرح کی بہتری کے حوالے سے نااُمید ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان اورڈن اینڈبریڈاسٹریٹ کی جانب سے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس Q3 2022)،**

(اسلام آباد، 22 مارچ 2023)


گیلپ پاکستان اورڈن اینڈبریڈاسٹریٹ کی جانب سے کیے گئے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (59%) آئندہ 6 ماہ میں اپنے گھرانے کے مالی حالات میں کسی بھی طرح کی بہتری کے حوالے سے نااُمید ہیں۔

**کنزیومر کنفیڈنس انڈکس Q3 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھر والوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں 5% جوابدہندگان کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھر والوں کے مالی حالات بہت بہتر ہونگے، 26% جوابدہندگان کے مطابق بہتر ہونگے، 19% جوابدہندگان کے مطابق ایسے ہی رہیں گے، 22% جوابدہندگان کے مطابق بدتر ہونگے، جبکہ 18% جوابدہندگان کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھر والوں کے مالی حالات بہت بدتر ہونگے، تاہم 10% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھر والوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے ؟"**


**پاکستان بھر سے**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تقابلی جائزہ (Q2 2022 اور Q3 2022):**

50% جوابدہندگان کے مطابق وہ مستقبل میں اپنے گھرانے کے مالی حالات بہتر ہونے یا اسی طرح رہنے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ کنزیومر کنفیڈنس انڈکس کی دوسری سہ ماہی رپورٹ میں اس حوالے سے شرح 66% تھی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے منعقد کیا اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان کے تعاون سے اپنی کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس کی سہ ماہی رپورٹ میں جاری کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 2,086 مردوخواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95%اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔
اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## کنزیومر اعتماد انڈیکس رپورٹ کے بارے میں:

صارفین کے رائے تبدیل ہوتی رہتی ہے اور اس کا اندازا اُن کے ذاتی مالی حالات کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پر ملک کی مالیاتی اور معاشی کارکردگی کے بارے اُن میں رائے سے لگایا جاتا ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی انڈیکس) عالمی سطح پر منظور شدہ ایک ایسا آلہ ہے جو کہ گھریلو اخراجات اور بچت کا تخمینہ لگانے کے ساتھ ساتھ ملک میں مجموعی معاشی سرگرمیوں کا اندازہ لگانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اِن معاملات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے ڈن اینڈ بریڈ اور گیلپ نے کاروباری اداروں اور پالیسی بنانے والوں کے لئے سہ ماہی رپورٹ شائع کی ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی) حکومتوں، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں سمیت متعدد اسٹیک ہولڈرز کے لئے ایک قیمتی آلہ ہے، کیونکہ ان اعدادوشمار کی مدد سے اُنھیں صارفین کی رائے کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس حوالے سے بروقت فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے۔

سی سی آئی کی گزشتہ رپورٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، برائے مہربانی ڈی اینڈ بی پاکستان نالج کیپٹل کی ویب سائٹ یا گیلپ پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, March 22nd, 2023**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)